سوال

(562) زید کا تجارتی کاروبار خراب ہوگیا۔ پوشیدنی زیور موجود ہیں الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زید کا تجارتی کاروبار خراب ہوگیا۔ پوشیدنی زیور قابل زکواۃ موجود ہے۔ زید کی بیٹی۔ داماد۔ نواسہ۔ نواسی۔ جملہ چھ نضر ایک دوسرے شہر سے بسبب ناداری و موجودہ گرانی کے زید کے پاس آگئے۔ جن کی خوردونوش کا زید متحمل نہیں ہوسکتا۔ زید چاہتا ہے کہ مذکورہ زیور کی زکواۃ سے غلہ خرید کر اور اس میں اپنی خوراک کا غلہ شامل کر کے اپنے داماد کے ساتھ خوردونوش کرے تاکہ زید کا بوجھ ہلکا ہوجاوے۔ لہذا کیا حکم ہے۔؟ (قاضی محمد صاحب سوداگر منڈلہ)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

زکواۃ کے مال سے ایسے قریبوں کی مدد کرنا جائز ہے۔ بلکہ ثواب زیادہ ہے مگر ان کا حصہ ان کے قبضے میں آکر بعد میں اپنا حصہ شامل کر کے کھانا پکوائے حتی المقدور اپنے حصے سے زیادہ دیا کرے تاکہ اشتباہ باقی نہ رہے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 01 ص 732

محدث فتویٰ